ESM معلوماتی پرچہ

VICTORIAN BUILDING AUTHORITY



لازمی حفاظتی اقدامات (essential safety measure - ESMs) کیا ہیں اور یہ اہم کیوں ہیں؟









مزید معلومات

مزید معلومات کے لئے vba.vic.gov.au/cladding پر VBA کی ویب سائٹ دیکھیں یا ہمیں 1300 815 127 پر کال کریں

لازمی حفاظتی اقدامات

لازمی حفاظتی اقدامات (ESMs) سے مراد وہ حفاظتی خصوصیات ہیں جو عمارت میں موجود ہونی چاہئیں تاکہ ان کی وجہ سے آگ لگنے کی صورت میں رہائشیوں کی حفاظت کو یقینی بنایا جاسکے۔

ESMs میں آگ کا پتہ چلانے اور الارم کا نظام، فائر ڈورز یعنی آگ روکنے والے دروازے، ہنگامی لائٹنگ اور فائر ہائیڈرنٹس شامل ہوسکتے ہیں۔

مالکان کی تنظیمیں (Owners Corporations) عمارت کے ESMs کی دیکھ بھال کی ذمہ دار ہوتی ہیں۔ آگ لگنے کی صورت میں، اچھی دیکھ بھال کئے گئے ESMs رہائشیوں کو عمارت سے نکلنے کے لئے زیادہ وقت مہیا کرسکتے ہیں اور آگ پھیلنے کے امکانات کو کم کرسکتے ہیں۔ ESMs کو لگاتار دیکھ بھال اور مرمّت کی ضرورت ہوتی ہے۔

ESMs کی مرمّت

عمارت میں رہنے والے رہائشیوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ باہر نکلنے اور آنے جانے کے تمام راستے بروقت قابل رسائی اور قابل استعمال ہوں اور ہر طرح کی رکاوٹوں سے صاف ہوں۔

آپکی مالکان کی کارپوریشنز کا مینجر (Owners Corporation Manager)، تمام مالکان کی جانب سے، اس بات کا ذمہ دار ہے کہ ESMs کو باقاعدگی سے ٹیسٹ اور مرمّت کیا جائے۔ مرمّت اور سروس ایک ایسے پیشہ ور سے کروائی جائے جو عمارت کے ESMs کو اچھی طرح سے جانتا ہو۔

آپ کو یہ بھی معلوم ہونا چاہئے:

- فائربریگیڈ کے چیف آفیسر یا آپکی میونسپل بلڈنگ سرویئر (municipal building surveyor - MBS) کی درخواست پر سالانہ ESM رپورٹیں 24 گھنٹے کے نوٹس کے اندر اندر دستیاب ہونی چاہئیں۔
- اگر موجودہ عمارت میں تبدیلی کرنے کے لئے کوئی تعمیراتی کام کی تجویز ہو تو اس کا ESMs پر اثر پڑسکتا ہے، لہذا MBS یا نجی بلڈنگ سرویئر سے اس کا مشورہ کرنا فائدہ مند ہوسکتا ہے یا پھر اس بات کو جانچا جائے کہ بلڈنگ ایکٹ 1993 (Buidling Act 1993) اور بلڈنگ ریگولیشنز 2018 (Building Regulations 2018) کی تعمیل کے لئے کیا کرنے کی ضرورت ہے۔

اگر کوئی مالک تعمیل نہ کرے تو کیا ہوگا؟

یہ ذہن میں رکھنا اہم ہے کہ تعمیل نہ کرنے سے نہ صرف رہائشیوں کو خطرہ لاحق ہوتا ہے بلکہ قریب سے گزرنے والے افراد اور منسلکہ عمارتیں بھی خطرے کی زد میں آتی ہیں۔

لاگ بکس مکمل کرنی ہوں گی اور تعمیل نہ کرنے کی صورت میں جرمانے ہوں گے۔

تعمیل نہ کرنے کی صورت میں آپکی کاؤنسل یا فائر اتھارٹی کی جانب سے خلاف ورزی کا نوٹس جاری کیا جاسکتا ہے۔ انفرادی جرمانے $290 سے شروع ہوکر $17,000 سے زائد تک ہوسکتے ہیں جبکہ اگر کوئی کمپنی خلاف ورزی کرے تو اسے $88,000 سے زائد کے جرمانے ہوسکتے ہیں۔

مزید معلومات

اگر آپ کے اس بارے میں کوئی سوالات ہوں کہ ESMs کی مرمّت کیسے کی جائے تو براہ مہربانی اپنی مقامی فائر سروس کے فائر سیفٹی ڈیپارٹمنٹ یا اپنے مقامی MBS سے رابطہ کریں۔

VBA VICTORIAN BUILDING AUTHORITY

لازمی حفاظتی اقدامات

کسی ہنگامی صورتحال، جیسے آگ لگنے کی صورت میں ESMs پہلی دفاعی صف کا کردار ادا کرتے ہیں۔

موزوں مرمّت اس بات کو یقینی بنائے گی کہ کسی ہنگامی صورتحال پیش آنے پر ESMs پختہ طور پر کام کریں گے



ان میں باہر نکلنے والے دروازے، ہنگامی لائٹیں، باہر جانے کے نشانات اور فائر ہائیڈرینٹس بھی شامل ہیں



ESMs میں آگ سے بچاؤ کے نظام شامل ہیں جو عمارت کے رہائشیوں کی حفاظت کے لئے لگائے جاتے ہیں

تعمیل نہ کرنے کے نتیجے میں جرمانے ہوسکتے ہیں

تعمیل نہ کرنے سے رہائشی، قریب سے گزرنے والے افراد اور منسلکہ عمارتیں خطرے کی زد میں آجاتی ہیں

مالکان کی جانب سے، مالکان کی کارپوریشن کے مینجروں کے لئے اس بات کو یقینی بنانا ضروری ہے کہ ESMs میں جدّت برقرار رکھی جائے اور انہیں باقاعدگی سے ٹیسٹ کیا جائے

مزید معلومات کے لئے

دیکھیں: vba.vic.gov.au/cladding

کال کریں: 1300 815 127

عمارت میں رہنے والے تمام رہائشیوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ باہر نکلنے کے دروازے اور باہر جانے کے تمام راستے بروقت قابل رسائی اور قابل استعمال ہوں اور ہر طرح کی رکاوٹوں سے صاف ہوں۔

VICTORIA State Government

عمارتوں کے بیرونی آتش گیر مادّے (cladding) کے آس پاس محفوظ رہنا

سب کو آگ سے حفاظت میں کردار ادا کرنا ہے، چاہے وہ رہائشی ہو، مالک ہو یا بلڈنگ مینجر ہو۔

ضروری نہیں ہے کہ اگر عمارت کا بیرونی مادّہ آتش گیر ہے تو اس کا مطلب ہے کہ آپ کی عمارت غیرمحفوظ ہے۔ تاہم، آگ لگنے کی صورت میں عمارت کا بیرونی آتش گیر مادّہ آگ کے پھیلنے میں کردار ادا کرسکتا ہے۔ اس سے نہ صرف عمارت کے رہائش پذیر افراد ہی متاثر ہوتے ہیں بلکہ آس پاس کھڑے ہوئے افراد اور منسلکہ عمارتیں بھی متاثر ہوتی ہیں۔

کچھ ایسے سادہ اقدامات ہیں جن پر آپ عمل کرکے آگ کے خطرے کو کم سے کم کرسکتے ہیں اور ایسا کرنے سے آپ، آپکے ہمسائے اور آپکا گھرانہ محفوظ رہے گا۔

قبل از وقت منصوبہ بندی



آگ کی صورت میں اپنے باہر نکلنے کے منصوبے سے آگاہ رہیں

ہنگامی صورت میں اپنی عمارت سے باہر نکلنے کے منصوبے سے واقف ہوں



کوڑا کباڑ اکٹھا نہ ہونے دیں

یقینی بنائیں کہ بالکونیاں، ہال ویز اور باہر نکلنے کے راستے کوڑے کباڑ سے صاف ہوں



آگ روکنے والے دروازے چیک کریں

یقینی بنائیں کہ وہ ہمیشہ قابل رسائی اور بند ہوں اور انہیں تالے نہ لگے ہوئے ہوں

دھوئیں کے الارم چیک کریں

یقینی بنائیں کہ انہیں کسی چیز نے ڈھانپا نہیں ہوا یا وہ منقطع نہیں ہیں

اپنی بالکونی کو محفوظ بنا کر آگ کے پھیلنے کے خطرے کو کم کریں

گیس کے سلنڈروں کو الگ تھلگ کریں

یقینی بنائیں کہ گیس کے سلنڈر باہر رکھے جائیں، بالکل سیدھے کھڑے کئے جائیں اور حرارت کے منبعوں سے دور رکھے جائیں



اے سی یونٹس کو الگ تھلگ کریں

یقینی بنائیں کہ کپڑے اور دیگر چیزیں کم از کم 1 میٹر کے فاصلے پر رکھی جائیں

اپنے سگریٹ کو مکمل طور پر بجھائیں

ایک بھاری، اونچے کناروں والی ایش ٹرے (گلاس، سرامک یا دھات کی بنی ہوئی) استعمال کریں



اپنے باربی کیو کو الگ تھلگ کریں

یقینی بنائیں کہ آپکا باربی کیو دیواروں، کپڑوں اور دیگر چیزوں سے کم از کم 50 سنٹی میٹر دور ہو

ان میں سے زیادہ تر اقدامات سیدھے سادھے ہیں، اچھی طرح سے عام فہم ہیں اور ہر ایک کو محفوظ رکھنے کے لئے بہت پراثر ہیں۔

اگر آپ کے اپارٹمنٹ میں آگ لگے تو آپ کو تمام رہائشیوں کو چوکنّا کرنا ہوگا اور مندرجہ ذیل حفاظتی اقدامات کرنے ہوں گے:

- عمارت سے بحفاظت باہر نکل آئیں اور ٹرپل زیرو (000) ملائیں۔ آپریٹر سے کہیں ایک ہنگامی صورتحال کا سامنا ہے، آپ کس جگہ پر ہیں، اور یہ کہ آپ کو مدد کی ضرورت ہے۔
- انخلاء کے مقام پر اکٹھے ہوں اور وہاں فائر بریگیڈ کے آنے کا انتظار کریں۔
- اگر آپ سمجھیں کہ آگ لگنے کی صورت میں آپ آگ بجھانے والا آلہ استعمال کرسکتے ہیں تو اپنے علم میں رکھیں کہ وہ آلہ کہاں موجود ہے اور اسے کیسے استعمال کیا جاتا ہے۔